| Narration | Time |
|---|---|
| LibreOffice Draw میں Basics of Layers and Password Encryption PDF پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں، آپ layers کی بنیادی باتیں سیکھیں گے. | 00:09 |
| آپ password encryption کا استعمال کرتے ہوئے Draw فائل کو محفوظ کرنا بھی سیکھیں گے۔ | 00:12 |
| اسے PDF کے طور پر Export کرنا | 00:18 |
| یہاں، ہم آپریٹنگ سسٹم کے طور پر :اوبنٹو لینکس ورژن 10.04 اور LibreOffice سویٹ ورژن 3.3.4. استعمال کر رہے ہیں | 00:21 |
| چلئے ہم فائل 'Route Map' کھولتے ہیں. | 00:30 |
| layers کیا ہیں؟ | 00:33 |
| layers شفاف شیٹس کی طرح ہیں، جنہیں ایک دوسرے کے اوپر رکھ دیا گیا ہو | 00:34 |
| ہر Draw فائل میں تین layers ہیں. | 00:42 |
| Layout layer ڈیفالٹ طور پر ظاہر کی جاتی ہے. | 00:44 |
| اسی میں ہم اپنے زیادہ تر گرافکس بناتے ہیں | 00:48 |
| Control layer کنٹرول ایلیمینٹس جیسے بٹنس اور فارمس رکھتا ہے | 00:51 |
| Dimensions layer پیچیدہ ڈرائنگ کی ڈائمینشن یعنی حدود وابعاد کی لائنوں، اور پیمائش کی لائنوں کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے. | 00:57 |
| مثال کے طور پر، ایک گھر کی ڈرائنگ پر دیواروں کی پیمائش، بجلی کی وائرنگ وغیرہ کے صحیح اعداد و شمار ہونے چاہئے. | 01:06 |
| چلئے تین نقشے پرنٹ کرتے ہیں جو House سے School تک کا راستہ بتاتے ہوں | 01:19 |
| انہیں Map 1, Map 2 اور Map 3 کہتے ہیں. | 01:26 |
| Map 1 علاقے میں تمام لینڈ مارکس یعنی نشانیاں ظاہر کرتا ہے. | 01:31 |
| Map 2، دو 'Lakes'، Stadium اور Commercial Complex کے علاوہ تمام آبجیکٹس کو ظاہر کرتا ہے. | 01:35 |
| Map 3 میں ہم Park کے بغیر سارے آبجیکٹس دکھاتے ہیں | 01:43 |

| | |
|---|---|
| 01:48 | کیا ہمیں ان کو ظاہر کرنے کے تین الگ الگ نقشے بنانے کی ضرورت ہے؟ |
| 01:51 | نہیں، Draw، layers کی مدد سے اس کے لئے ایک حل فراہم کرتا ہے. |
| 01:58 | اس طرح، کئی معلومات کی layers کے ساتھ صرف ایک Map فائل ہوسکتی ہے. |
| 02:03 | ہم ایک Draw پیج کا استعمال کرتے ہوئے layers کا ایک مجموعہ پرنٹ کرسکتے یا دیکھ سکتے ہیں. |
| 02:10 | ہم RouteMap میں کچھ layers شامل کرتے ہیں. |
| 02:13 | Layout layer پر کلک کریں. |
| 02:15 | دایاں کلک کریں اور Insert layer منتخب کریں. |
| 02:18 | Insert layer ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے. |
| 02:22 | Name کے فیلڈ میں، "Layer four" ٹائپ کریں |
| 02:24 | آپ اپنی ڈرائنگ سے میل کھاتا ہوا کوئی بھی عنوان اور وضاحت شامل کرسکتے ہیں. |
| 02:30 | Visible اور Printable باکس کو چیک یعنی منتخب کریں |
| 02:34 | ڈائلاگ باکس سے باہر نکلنے کے لئے OK پر کلک کریں. |
| 02:37 | ایک بار پھر Layout layer پر کلک کریں. |
| 02:40 | Draw پیج پر، Map منتخب کریں اور اسے ان-گروپ کریں. |
| 02:44 | اب، ہم Lakes کو منتخب کرتے ہیں. |
| 02:46 | شفٹ بٹن کو دبائیں اور Stadium اور Commercial complex منتخب کریں. |
| 02:52 | اب، دایاں کلک کریں اور Cut کو منتخب کریں. |
| 02:55 | پھر "Layer four" نامی لیئر یعنی تہہ پر کلک کریں اور انہیں پیسٹ کریں. |
| 02:59 | یہ اُنہی مقامات پر پیسٹ ہوتے ہیں جیسے Layout layer میں ہیں |
| 03:04 | ایک بار پھر Layer Four پر کلک کریں. |
| 03:07 | context menu دیکھنے کے لئے دایاں کلک کریں اور Modify Layer منتخب کریں |
| 03:12 | Modify Layer ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے. |
| 03:15 | Visible کے خانے کو غیر منتخب کریں۔ OK پر کلک کریں. |
| 03:18 | Layer Four میں آبجیکٹس اب ظاہر نہیں ہیں. |

| | |
|---|---|
| 03:21 | آبجیکٹس مادی طور پر موجود ہیں لیکن نظر نہیں آ رہے ہیں. |
| 03:26 | Layout layer پر کلک کریں . اگر ٹیب نہیں دکھتا، تو بایاں ایرو بٹن تب تک دبائیں جب تک Layout layer نہ دِکھے. |
| 03:35 | ہمارے پاس Map2 ہے !اسی طرح، ہم Map3 بھی تشکیل دے سکتے ہیں. |
| 03:42 | اس ٹیوٹوریل روک دیں اور یہ مشق کریں. |
| 03:45 | School Campus سے Home تک دو راستے بنائیں |
| 03:49 | RouteMap ڈرائنگ میں، ہر راستہ ایک الگ لیئر یعنی تہہ پر بنائیں تاکہ وہ دونوں علیحدہ طریقے ایک ایک راستہ لئے دو مختلف نقشوں کے طور پر پرنٹ کئے جا سکیں |
| 04:01 | اب ہم ایک فائل کو PDF کے طور پر ایکسپورٹ یعنی برآمد کرنا اور ہماری Draw فائل password protect کرنا سیکھیں گے۔ |
| 04:10 | سب سے پہلے، PDF کے طور پر Draw فائل "RouteMap" سیو کرتے ہیں. |
| 04:14 | مین مینو سے، File منتخب کریں اور "Export as PDF" پر کلک کریں. |
| 04:19 | PDF ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے. |
| 04:21 | سب سے پہلے، ہم General کے آپشنس مقرر کرتے ہیں. |
| 04:24 | General ٹیب پر کلک کریں. |
| 04:26 | Range کے تحت All منتخب کریں کیونکہ ہم Draw فائل میں تمام پیج PDF میں تبدیل کر رہے ہیں |
| 04:34 | Images کے تحت، ہم "JPEG compression" منتخب کریں گے. |
| 04:38 | یہ کمپریشن کے لئے استعمال کئے جانے والا سب سے عام فارمیٹ ہے۔ |
| 04:42 | اب، Initial View ٹیب پر کلک کریں. |
| 04:45 | ہم ڈائیلاگ باکس میں ظاہر ڈفالٹ ویلیوز ویسے ہی رکھیں گے. |
| 04:49 | اب، Links ٹیب پر کلک کریں. |
| 04:52 | ہوسکتا ہے ہم نے Draw فائل میں لنکس داخل کئے ہوں |
| 04:55 | ایک بار پھر، Links کیلئے ڈفالٹ ویلیوز ویسے ہی رہنے دیں. |
| 04:59 | اب اپنے PDF ڈاکیومینٹ کو محفوظ رکھنے کیلئے password تفویض کرتے ہیں |

| | |
|---|---|
| 05:03 | ایسا کرنے کے لئے، Security ٹیب پر کلک کریں. |
| 05:07 | Set open password بٹن پر کلک کریں. |
| 05:10 | Set open password ڈائلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے. |
| 05:14 | Password فیلڈ میں، آپ اپنی فائل کو جس پاسورڈس سے محفوظ کرنا چاہتے ہیں وہ ٹائپ کریں. |
| 05:20 | میں "Protect101" کے طور پر اپنا پاس ورڈ مقرر کروں گا. |
| 05:24 | Confirm فیلڈ میں نے اپنا پاس ورڈ "Protect101" دوبارہ ٹائپ کروں گا۔ OK پر کلک کریں. |
| 05:31 | اب ڈاکیومینٹ کو پرنٹ یا ترمیم کرنے کی اجازت کیلئے ہم پرمشن پاس ورڈ مقرر کرتے ہیں. |
| 05:37 | Set permission password بٹن پر کلک کریں. |
| 05:41 | Password فیلڈ میں اپنی پسند کا پاس ورڈ ٹائپ کریں .میں ProtectAgain0 ٹائپ کرتا ہوں. |
| 05:49 | Confirm فیلڈ میں پاس ورڈ "ProtectAgain0" دوبارہ ٹائپ کریں اور OK پر کلک کریں گے. |
| 05:57 | Printing اور Changes کے لئے پرمشنس اب فعال ہیں۔ |
| 06:03 | پاسورڈ کیلئے نمبرس اور اسپیشل کیریکٹرس سمیت کم سے کم 6 کیرکٹرس پر مشتمل پاسورڈ رکھنا ایک اچھا عمل ہے |
| 06:14 | Printing کے تحت، Not Permitted آپشن منتخب کریں. |
| 06:18 | PDF کو درست password فراہم کرنے پر ہی پرنٹ کیا جاسکتا ہے، ورنہ یہ پرنٹ نہیں کیا جاسکتا. |
| 06:25 | Changes کے تحت، Not Permitted آپشن منتخب کریں. |
| 06:29 | password میں ترمیم صرف درست پاس ورڈ فراہمکرنے پر ہی کی جاسکتی ہے، دیگر صورت میں اس میں ترمیم نہیں کی جاسکتی |
| 06:36 | اب، ہم نیچے دیے گئے Export بٹن پر کلک کرتے ہیں |
| 06:41 | Export ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے. |
| 06:43 | بائیں پینل سے، Places کے تحت، آپ اُس جگہ کا انتخاب کریں جہاں آپ اپنی فائل سیو کرنا چاہتے ہیں۔ میں ڈیسک ٹاپ کا انتخاب کروں گا. |
| 06:53 | File type کے تحت، PDF - Portable Document Format پر کلک کریں- |
| 06:57 | اور سیو بٹن پر کلک کریں. |
| 07:01 | Draw فائل ایک PDF فائل میں تبدیل ہو کر ڈیسک ٹاپ پر سیو ہوگئی ہے. |

| | |
|---|---|
| 07:07 | اب ہم Desktop پر چلتے ہیں |
| 07:09 | Desktop پر، RouteMap PDF فائل پر ڈبل کلک کریں. |
| 07:14 | Enter password ڈائلاگ باکس کو کھلتا ہے. |
| 07:17 | Password فیلڈ میں، غلط پاس ورڈ "Protect111" ٹائپ کریں. |
| 07:23 | Unlock Document بٹن پر کلک کریں. |
| 07:26 | آپ دیکھیں گے کہ password فیلڈ صاف ہو گیا ہے اور ہمیں دوبارہ password درج کرنے کو کہا جاتا ہے |
| 07:35 | password فیلڈ میں، درست پاس ورڈ Protect101 ٹائپ کریں. |
| 07:40 | Unlock Document بٹن پر کلک کریں، PDF فائل کھلتی ہے. |
| 07:46 | ہم نے Draw فائل کو PDF میں کنورٹ یعنی تبدیل کیا اور کامیابی سے اسے password-protect کیا |
| 07:53 | اسی کے ساتھ یہ ٹیوٹورئل ختم ہوتا ہے |
| 07:57 | یہاں ہم نے سیکھا ہے: layers کی بنیادی معلومات |
| 08:00 | Draw کو PDF میں تبدیل کرنا |
| 08:03 | password encryption کا استعمال کرتے ہوئے اسکو محفوظ کرنا. |
| 08:08 | یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے. |
| 08:11 | RouteMap فائل کی ایک اور PDF بنائیں. |
| 08:14 | PDF کے ڈائلاگ باکس میں، "Initial View" کے آپشنس تبدیل کریں. |
| 08:17 | مشاہدہ کریں کہ کیا ہوتا ہے |
| 08:20 | "User Interface" کے لئے تمام آپشنس کو چیک کریں. |
| 08:23 | permission passwords مقرر کریں. |
| 08:25 | اس PDF کو پرنٹ کریں. |
| 08:28 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈو دیکھیں |
| 08:31 | یہ اسپوکن ٹیوٹورئل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے |
| 08:34 | اگر آپکے پاس بینڈ وڈتھ نہ ہو پر آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں |
| 08:40 | اسپوکن ٹیوٹورئل پروجیکٹ ٹیم |

| | |
|---|---|
| 08:42 | اسپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپ چلاتی ہے |
| 08:45 | اورآن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند دیتے ہیں |
| 08:50 | مزید معلومات کے لئے، contact at spoken hyphen tutorial dot org پر لکھیں. |
| 08:58 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک ٹوا ے ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے |
| 09:03 | یہ ایم ایچ آر ڈی، حکومت ہند کے آئی سی ٹی کے ذریعے قومی خواندگی مشن کی طرف سے حمایت شدہ ہے. |
| 09:11 | اس مشن پر مزید معلومات spoken hyphen tutorial dot org slash NMEICT hyphen Intro پر دستیاب ہیں. |
| 09:23 | اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ۔ |